

Sayed Arif Hussain Shah/ICRC

NEWSLETTER

March 2017

ICRC PAKISTAN

Dear Readers,

I am glad to share with you the fourth edition of the ICRC Pakistan newsletter. This newsletter aims to keep you informed about our various activities in Pakistan, the wonderful people and organizations we work with and last but not the least, the people we work for.

The approach of ICRC in Pakistan is to contribute to the building of in-country capacity and expertise, in order to address the humanitarian challenges that so many face. We are doing so by joining hands with credible and committed local organizations and individuals - public and private - in order to achieve impact which is sustainable and result oriented. In Particular we partner with some leading organizations and institutes of Pakistan in the fields of health, physical rehabilitation, forensics and promotion of international humanitarian law.

Another prominent feature of our methodology in Pakistan is the focus on transfer of knowledge and bringing together local and global expertise in a bid to reach excellence – be it in the provision of physical rehabilitation services or dignified management of mortal remains or addressing violence against healthcare.

At present, the ICRC in Pakistan is dedicating huge efforts and resources in organizing trainings in the fields of surgical treatment of weapon-wounded patients, mass casualty response in hospitals, de-escalation of violence in healthcare settings, management of mortal remains in disasters and emergencies, community based first aid and promoting safe behaviours in areas affected by mines and other unexploded ordnance or other explosive materials. Additionally, we run an extensive training program for armed forces, police and academic circles on international humanitarian law and human rights laws.

It is worth mentioning here that the start of 2017 brought us a great joy, happiness and contentment when seven Pakistanis,

قارئین کرام،

میں آئی سی آرسی نیوزلیٹر کی چوتھی اشاعت آپ کی خدمت میں پیش کرنے پر بہت خوشی محسوس کر رہا ہوں۔ اس نیوزلیٹر کا مقصد پاکستان میں ہماری مختلف سرگرمیوں کے متعلق آگاہی فراہم کرنا اوران نایاب لوگوں اوراداروں کے بارے میں مطلع کرنا ہے جن کے ساتھ ہم مل کرکام کرتے ہیں اورسب سے بڑھ کران افراد کے متعلق بات کرنا ہے جن کے لیے ہم کام کرتے ہیں۔

آئی سی آرسی پاکستانی عوام کے مسائل میں کمی لانے کے غرض سے ملک کے اندر موجود افراد کی صلاحیت اورمہارت میں بہتری لانے کے لیے دن رات کوشاں ہے۔ پائیداراورنتیجہ خیز اثرات کے حصول کے لیے یہ کام ہم پرعزم افراداورمعتبر مقامی، سرکاری وغیر سرکاری اداروں کے ساتھ مل کرکر رہے ہیں۔ان میں بالخصوص پاکستان کے وہ معروف ادارے شامل ہیں جوصحت، جسمانی بحالی، فرانزکس اوربین الاقوامی قانونِ انسانیت کے شعبوں میں کام کرر ہے ہیں۔خواہ معاملہ جسمانی بحالی کے شعبے میں خدمات فراہم کرنے کا ہو یا لاشوں کی بااحترام تدفین کا یا پھر شعبہ صحت سے وابسطہ عملے کے خلاف تشدد کا، پاکستان میں ہمارے کام کے طریقہ کار کا ایک اورنمایاں پہلو یہ بھی ہے کہ ہم مقامی وعالمی مہارت کو یکجا کر کے معلومات کی منتقلی کو یقینی بنانے پر توجہ دیتے ہیں۔ فی الوقت، آئی سی آرسی پاکستان میں ہتھیاروں سے زخمی ہونے والے افراد کے سرجیکل ٹریٹمنٹ کے لیے تربیتی پروگراموں کا بڑے پیمانے پر انعقاد کررہی ہے۔اس کے علاوہ ہسپتالوں میں بڑی تعداد میں زخمی افراد کے آنے کی صورت میں جوابی کاروائی، صحت کی سہولیات مہیا کرنے والے اداروں میں تشدد کے واقعات کی روک تھام، قدرتی آفات ودیگر حادثات کے دوران مردہ افراداوران کی باقیات کی تدفین کے عمل کو منظم کرنے، مقامی سطح پر ابتدائی طبی امداد کی فراہمی اور بارودی سرنگوں ودیگر دھما کہ خیز مواد سے متاثرہ علاقوں میں محفوظ طرزعمل کو فروغ دینے جیسے معاملات پر بھی آئی سی آرسی بھر پور وسائل فراہم کر رہی ہے۔مزید برآں، ہم مسلح افواج، پولیس اور تعلیمی حلقوں سے وابستہ افراد کے لیے بین الاقوامی قانون انسانیت اورانسانی حقوق کے قوانین کے تربیتی پروگراموں کا وسیع پیمانے پر انعقاد کرتے ہیں۔

ICRC

who were detained in Yemen, were repatriated from Yemen after more than a decade. The sight of their family members hugging their loved ones with tearful eyes outside the Islamabad airport is something I will cherish for a long time. The ICRC facilitated the repatriation of these Pakistani fishermen upon the request of the Ministry of Foreign Affairs, Government of Pakistan. Moments like this renew the motivation of me and my team to fulfil our mandate and serve humanity each and every day. At the end, I wish the year 2017 brings peace and happiness for Pakistan. Take care of yourselves and the people around you.

Reto Stocker,
Head of Delegation,
ICRC Pakistan

یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ 2017 کے آغاز میں آئی سی آر سی کی کوششوں سے یمن میں گرفتار سات پاکستانیوں کی دس سال بعد وطن واپسی ممکن ہونے کی خبر ادارے کے لیے مسرت کا باعث بنی۔ اسلام آباد ائرپورٹ کے باہر رشتہ داروں کا خوشی کے آنسوؤں کے ساتھ ان کا استقبال کرنا مجھے ہمیشہ یاد رہے گا۔ آئی سی آر سی نے حکومت پاکستان کی وزارت خارجہ امور کی درخواست پر ان پاکستانی ماہی گیروں کی واپسی کے لیے معاونت کی۔ اس طرح کے لمحات میری اور میری ٹیم کو ایک نیا حوصلہ بخشتے ہیں اور ہمیں اپنے مینڈیٹ یعنی ہر روز انسانیت کی خدمت میں مدد فراہم کرتے ہیں ۔ میں اس دعا کے ساتھ اختتام کرنا چاہوں گا کہ ۲۰۱۷ پاکستان کے لیے امن اور خوشی کا سال ثابت ہو۔ اپنا اور اپنے آس پاس کے لوگوں کا خیال رکھیئے گا۔

ریٹو سٹاکر
سربراہ آئی سی آر سی پاکستان

IN CONVERSATION WITH RAFIA QASEEM BAIG

رافعہ قاسم بیگ سے بات چیت

Rafia is working as a member of the Bomb Disposal Unit (BDU) of KP Police. She has broken new ground in this otherwise male dominated profession and became the first ever woman of Pakistan joining the BDU. Rafia has two Masters degrees — in economics and international relations. Following her footsteps more women have since joined the BDU. The ICRC works closely with BDU as part of its program on community based risk education related to mines and unexploded ordnance.

رافعہ بم ڈسپوزل یونٹ (بی ڈی یو) کی ایک رکن ہیں۔ وہ بم ڈسپوزل یونٹ میں (جہاں پاکستان میں عام تصور میں صرف مرد حضرات ہی کام کرتے ہیں) شامل ہونے والی پہلی خاتون ہیں اور یوں انہیں نئی تاریخ رقم کرنے کا اعزاز حاصل ہے۔ رافعہ نے معاشیات اور بین الاقوامی تعلقات میں ماسٹرز کی ڈگریاں حاصل کر رکھی ہیں۔ ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے مزید خواتین نے بھی بی ڈی یو میں شمولیت اختیار کی۔ آسی آر سی اپنے کمیونٹی بیسڈ رسک ایجوکیشن پروگرام کے سلسلے میں بی ڈی یو کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے۔ پروگرام کا مقصد بارودی سرنگوں اور غیر تباہ شدہ دھماکہ خیز مواد کے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے۔

When and how did you join KP Police?

I joined KP police on 17th December 2009, when militancy was at its peak. At that time KP police force needed more manpower as many precious lives of police officials and civilians were lost in security incidents. There were openings for positions of constable where I applied. I successfully passed all the recruitment tests and was appointed as constable.

What inspired you to be part of BDU team?

One day, I was going to hospital with my mother and on the way I witnessed a huge blast near session courts in Peshawar in which several people including civilians and police officials were killed. My mother got scared and asked me to resign from police but I was determined to work as police officer for my country. After that incident, I heard the great stories of some of the bravest officials of the BDU like Hukam Khan, Abdul Raziq Tiger and Zahid. Inspired, that was the time when I decided to join BDU without any second thought.

How difficult was it to stand against all the odds and join BDU?

It was extremely difficult to stand against all the customs and norms of our society for shattering the stigma of female joining the BDU. Secondly, there was no example of any female BDU member before. But I think when you have guts to take risks then there is nothing which can stop you achieving your goals. I always follow this quote which says that people will always throw stones on you, it depends whether you make a wall of difficulties or a bridge towards success with those stones.

آپ نے خیبر پختونخوا پولیس میں کب اور کیسے شمولیت اختیار کی؟

میں نے 17 دسمبر 2009 میں کے پی پولیس میں شمولیت اختیار کی جب عسکریت پسندی ملک میں عروج پر تھی۔ اس وقت خیبر پختونخوا پولیس کو مزید نفری کی ضرورت تھی کیونکہ آئے دن ہونے والے دہشتگردی کے واقعات کی وجہ سے عوام اور پولیس اہلکاروں کی کئی قیمتی جانوں کا نقصان ہو رہا تھا۔ جب کانسٹیبل کی نوکریاں کھلیں تو میں نے درخواست جمع کروائی اور تمام ٹیسٹ پاس کرنے کے بعد میری تقرری ہوئی۔

آپ کو بی ڈی یو میں شمولیت کا شوق کیسے پیدا ہوا؟

ایک دن میں اپنی والدہ کے ساتھ ہسپتال جا رہی تھی جب اچانک پشاور کے سیشن کورٹس کے پاس بہت بڑا دھماکہ ہوا۔ دھماکے کی وجہ سے کئی شہری اور پولیس اہلکار مارے گئے۔ میری والدہ گھبرا گئیں اور مجھے پولیس کی نوکری چھوڑنے کو کہا لیکن میں پولیس کی نوکری کرتے ہوئے اپنے ملک کی خدمت کرنا چاہتی تھی۔ واقعہ کے بعد میں نے بی ڈی یو سے وابستہ کئی دلیر عہدیداروں کی کہانیاں سنیں۔ ان میں حکم خان، عبدالرازق ٹائیگر اور زاہد کے نام شامل تھے۔ اسی وقت کوئی دوسری بات سوچے بنا میں نے بی ڈی یو میں جانے کا فیصلہ کیا۔

درپیش مشکلات کی رو میں بی ڈی یو میں شمولیت کتنا مشکل تھا؟

معاشرے کے اقدار اور رسم و رواج کے خلاف جا کر بی ڈی یو میں شمولیت انتہائی مشکل کام تھا۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اس سے پہلے بی ڈی یو میں کسی اور خاتون نے کام نہیں کیا تھا لیکن جب آپ

As a woman, did you ever thought of quitting Police job?

No, I never thought of quitting my job for a moment. I feel proud of my department and its officials, and wish that I could serve in police till the last breath of my life as this department gave me a lot of respect and prestige being a woman.

How did you manage to compose your self during high risk incidents and witnessing the pain of victims?

It's part of our training that we have to control our nerves and be stronger, during that time I only think about saving people's life as much as we can in short period of time. In an emergency period we usually don't have time to focus on anything except life safety as this is our core responsibility.

ICRC signed a framework agreement with KP Police to support them in specific domain of first aid, public order management and safe disposal of unexploded ordnances.

What steps do you think government can take to improve BDU?

The government should focus more on capacity building of BDU staff and also give them exposure to international standards and new technologies to deal with explosives. As exposure to new technologies is the need of the country to make it safer.

How do you foresee the future of young ladies in Police and BDU?

I foresee a bright future for ladies in Police and especially BDU as the staff of the department is supportive and they understand the role of females in making Pakistan safer. Since Pakistan is among the fastest developing countries so the role of females cannot be neglected in any field for competing with the world.

میں خطرہ مول لینے کی ہمت ہو تو کامیابی آپ کے قدم ضرور چومتی ہے۔ میں اس کہاوت پر ہمیشہ عمل کرتی ہوں کہ لوگ ہمیشہ آپ کی طرف پتھر پھینکتے ہیں لیکن یہ آپ پر ہے کہ آپ انہیں اپنے لیے مشکلات کی دیوار بنانے میں استعمال کریں یا پھر کامیابی کی راہ پر جانے والے پل بنانے میں۔

بحیثیت عورت، کیا پولیس کی نوکری چھوڑنے کا خیال کبھی آپ کے ذہن میں آیا ہے؟

نہیں، میں نے کبھی ایک لمحے کے لیے بھی ایسا نہیں سوچا۔ مجھے اپنے ڈیپارٹمنٹ اور اس میں کام کرنے والے افسران پر فخر ہے۔ مجھے اس ڈیپڈمنٹ کی نوکری کی وجہ سے اتنی عزت اور مرتبہ ملا ہے کہ میں آخری سانس تک اس ڈیپارٹمنٹ کی خدمت کرنا چاہتی ہوں۔

آئی سی آرسی نے خیبر پختونخوا پولیس کے ساتھ فریم ورک معاہدے پر دستخط کئے۔ معاہدے کے تحت آئی سی آرسی کے پی پولیس کو ابتدائی طبی امداد، پبلک آرڈر کے انتظامات اور غیر تباہ شدہ دھماکہ خیز مواد کو محفوظ طریقوں سے تلف کرنے جیسے مسائل پر مدد فراہم کرے گی۔

حد درجہ خطرناک تجربات اور مظلوم افراد کی تکالیف دیکھ کر آپ کس طرح اپنے جذبات کو قابوں میں رکھتی ہیں؟

نفسیاتی طور پر خود کو مضبوط رکھنا ہماری ٹریننگ کا حصہ ہے۔ حادثے کے وقت میں صرف کم از کم وقت میں زیادہ سے زیادہ زندگیاں بچانے کے بارے میں سوچتی ہوں۔ ہنگامی حالات کے دوران عام طور پر ہماری ساری توجہ انسانی زندگیوں کی حفاظت پر مرکوز ہوتی ہے اور یہ ہماری بنیادی ذمہ داری بھی ہے۔

آپ کے خیال میں بی ڈی یو میں مزید بہتری لانے کے لیے حکومت کو کیا اقدامات اٹھانے چاہیے؟

حکومت کو چاہیے کہ بی ڈی یو عملے کی صلاحیت کو بڑھانے کے لیے کام کرے اور دھماکہ خیز مواد کو ناکارہ بنانے کی جدید ٹیکنالوجی اور بین الاقوامی معیار سے متعارف کروائے۔ میرے خیال میں جدید ٹیکنالوجی ملک کو محفوظ تر بنانے میں وقت کی ضرورت بھی ہے۔

آپ پولیس اور بی ڈی یو میں نوجوان خواتین کے مستقبل کو کس طرح دیکھتی ہیں؟

مجھے پولیس اور بالخصوص بی ڈی یو میں نوجوان خواتین کا مستقبل بہت روشن نظر آتا ہے کیونکہ بی ڈی یو کا عملہ پاکستان کو محفوظ بنانے میں خواتین کے کردار کی اہمیت کو بخوبی سمجھتا ہے۔ پاکستان دنیا کے ان ممالک میں سے ہے جو کہ تیزی سے ترقی کر رہے ہیں لہٰذا دنیا سے مقابلہ کرنے کے لیے کسی بھی شعبے میں خواتین کے کردار کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

REVISION OF POLICE MANUAL HANDBOOK ON USE OF FORCE

The National Police Bureau, the ICRC and the Research Society of International Law launched a revised version of the publication 'Frequently Applied Police Laws & Criminal Procedures'. The Manual includes all police procedures and laws relevant to law enforcement agencies. The manual also contains sections on the use of force and preventive detention. This manual will go a long way to ensuring compliance with human rights and humanitarian laws while conducting law enforcement operations by police in Pakistan. Officials of the National Police Bureau resolved to take the awareness and training of police forces on this manual down to the police station level.

پولیس کے لیے طاقت کے استعمال پر رہنما کتابچے کی نظرثانی

نیشنل پولیس بیورو، آئی سی آرسی اور ریسرچ سوسائٹی آف انٹرنیشنل لاء نے مل کر **'Frequently Applied Police Laws & Criminal Procedures'** کے عنوان سے موجود کتابچہ کی نظرثانی کے بعد اشاعت کی۔ اس کتابچہ میں پولیس کے طریقہ کار اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے متعلقہ تمام قوانین شامل ہیں۔ کتابچہ میں طاقت کے استعمال اور امتناعی نظربندی کے متعلق بھی معلومات موجود ہیں۔ یہ کتابچہ پاکستان میں پولیس کی قانون کے نفاذ کے غرض سے کی جانے والی کاروائیوں کے دوران قانونِ انسانیت اور انسانی حقوق کے قوانین کی خلاف ورزی کی روک تھام میں اہم کردار ادا کرے گا۔ نیشنل پولیس بیورو کے عہدداران نے بھی اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ کتابچہ سے حاصل ہونے والی معلومات اور آگاہی کو پولیس سٹیشن کی سطح تک منتقل کیا جائے گا۔

PROMOTING CRICKETING ACTIVITIES AMONG PEOPLE WITH DISABILITIES

In line with its efforts to promote social inclusion of people with physical disabilities, the ICRC continued promoting sporting activities in 2016, notably cricket. The ICRC is collaborating with Pakistan Disabled Cricket Association (PDCA) to promote cricket among players with physical disabilities. The year 2016 saw two major milestones. First was the organization of 5th ICRC National Disabled Cricket Championship in Karachi which was attended by 16 teams from regions across Pakistan. The championship was opened with a grand ceremony on the occasion of Pakistan's Independence Day and attended by more than 250 players with physical disabilities from across the country. For the second consecutive year, the team from Multan won the title of national champions. The final match was live telecasted on Geo Super. Cash prizes and other gifts including five motorbikes were distributed among the teams and players who showed distinction in bowling, batting and fielding.

The second milestone was the victory of Team Pakistan of the ICC Academy Physically Disabled T20 Tournament in Dubai. It was a three nation tournament with teams from England, Bangladesh and Pakistan. Team Pakistan won the final by defeating England. ICRC supported the squads from Pakistan and Bangladesh to attend the tournament in Dubai. Upon their return, acknowledging the wonderful performance of the team, the Pakistan Cricket Board (PCB) organized a reception in the honour of winning squad at their headquarters in Lahore. Acknowledgement and appreciation from the PCB was a dream come true for both the PDCA and the players.

معذوری سے متاثرہ افراد کے لیے کرکٹ کی سرگرمیوں میں فروغ

کھیلوں بالخصوص کرکٹ کے ذریعے معذوری سے متاثرہ افراد کی سماجی دھارے میں شمولیت کے فروغ کے لئے آئی سی آرسی نے اپنی کوشش کو 2016 میں بھی جاری رکھا۔ جسمانی معذوری سے متاثرہ افراد میں کرکٹ کے فروغ کے لیے آئی سی آرسی اور Pakistan Disabled Cricket Association (PDCA) مل کر کام کر رہی ہیں۔ اسی ضمن میں 2016 میں دو اہم سنگ میل طے کیے گئے۔ پانچویں ICRC National Disabled Cricket Championship کا انعقاد کراچی میں کیا گیا جس میں پورے پاکستان سے 16 ٹیموں نے شرکت کی۔ چیمپئن شپ کی عظیم الشان تقریب کا آغاز پاکستان کے یوم آزادی پر کیا گیا اور اس میں پورے ملک سے 250 سے زیادہ کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ مسلسل دوسرے سال ملتان کی ٹیم نے ٹائٹل اپنے نام کیا۔ یہ میچ جیو سپر پر براہِ راست نشر کیا گیا۔ چیمپئن شپ کے اختتام پر بیٹنگ، باولنگ اور فیلڈنگ کے شعبوں میں بہترین کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں میں مختلف تحائف اور نقد انعمات تقسیم کیے گئے۔

دوسرا اہم سنگ میل پاکستانی ٹیم کا دبئی میں ICC Academy Physically Disabled T20 Tournament جیتنا تھا۔ اس سہ فریقی ٹورنامنٹ میں پاکستان کے علاوہ بنگلہ دیش اور انگلستان کی ٹیمیں بھی شامل تھیں۔ پاکستان نے فائنل میں انگلستان کو شکست دے کر فتح حاصل کی۔ آئی سی آرسی نے پاکستان اور بنگلہ دیش کی ٹیموں کی شرکت میں مالی مدد فراہم کی۔ ملک واپسی پر، ٹیم کی شاندار کارکردگی کے اعتراف میں پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے کھلاڑیوں کے اعزاز میں لاہور میں موجود اپنے ہیڈ کواٹر میں استقبالیہ دیا۔ پی سی بی سے ملنے والی پزیرائی کی وجہ سے کھلاڑیوں اور PDCA کا ایک خواب حقیقت بنا۔

Physical Rehabilitation Program (July-December 2016)

- More than 16,000 patients have been treated including 700 children in the 19 ICRC supported centres in Baluchistan, Punjab, KP and Pakistan-administered Kashmir.
- The ICRC continued to promote the social reintegration of children with disabilities. 130 disabled children from FATA, KP and Pakistan-Administered Kashmir are being supported with their education.
- 09 persons with disabilities benefitted from a livelihood program supported by ICRC. 11 amputee children were consulted by orthopaedic surgeon, 05 of them underwent corrective surgery. Social inclusion camps and sports days were sponsored for some disabled children of FATA, KP and Pakistan-administered Kashmir.
- World disability day was celebrated on 3 December in all 19 ICRC supported centres.

جسمانی بحالی کا پروگرام (جولائی تا دسمبر 2016)

* آئی سی آرسی کے تعاون سے بلوچستان، پنجاب، کے پی اور پاکستان کے زیرِ انتظام کشمیر میں موجود 19 مراکز میں 16,000 سے زائد افراد کو علاج کی سہولت فراہم کی گئی جن میں 700 سے زائد بچے بھی شامل تھے۔
* آئی سی آرسی نے معذور بچوں کی معاشرے میں شمولیت کو یقینی بنانے کا کام جاری رکھا۔ فاٹا، کے پی اور پاکستان کے زیرِ انتظام کشمیر میں 130 بچوں کو تعلیم حاصل کرنے میں مدد فراہم کی جا رہی ہے۔
* آئی سی آرسی کے ذریعہ معاش پروگرام سے 9 معذور افراد کو فائدہ حاصل ہوا۔ معذور بچوں کو آرتھوپیڈک سرجن سے مشاورت فراہم کروائی گئی۔ ان میں سے 5 کی اصلاحی سرجری کی گئی۔ مزید برآں فاٹا، کے پی اور پاکستان کے زیرِ انتظام کشمیر میں سوشل انکلوژن کیمپس اور کھیلوں کے دن کے انعقاد کے لیے معاونت فراہم کی گئی۔
* آئی سی آرسی کی مدد سے کام کرنے والے 19 مراکز میں 3 دسمبر کو معذوری کا عالمی دن منایا گیا۔

Health

- In collaboration with PRC, the ICRC provided 27,613 consultations to patients at TDP Camp, Baka Khel, Bannu.
- The ICRC supported the PRC to provide consultations to 5,547 patients at Primary Healthcare Center, Torkham.
- 02 sessions of University Module titled `Clinical Management of Weapon Wounded Patients` designed for post graduate trainees in Surgery and allied fields were conducted. The Courses were accredited for 30 CME hours each
- 02 Emergency Room Trauma Courses (ERTC) were conducted. The Courses were accredited for 15 CME hours through Dow University of Health Sciences Karachi and Khyber Teaching University, Peshawar.
- 1,466 individuals from ICRC partner organisations, including journalists, security forces, students and others, were trained on basic and advanced First Aid principles.
- Structural and managerial support to Lady Reading Hospital, Peshawar continued.
- ICRC support to Jamrud hospital started in October 2016. Renovation work for the Emergency Department has been completed and installation of medical equipment is in process.

صحت

* پاکستان ہلال احمر کے تعاون سے آئی سی آر سی نے بنوں میں بکاخیل ٹی ڈی پی کیمپ میں موجود 27,613 مریضوں کو طبّی مشاورت فراہم کی۔
* آئی سی آر سی کی مدد سے ہلال احمر پاکستان نے طورخم میں بنیادی مرکزِ صحت میں 5,547 مریضوں کو طبّی مشاورت فراہم کی۔
* ''کلینکل مینجمنٹ آف ویپن وونڈڈ پیشنٹس'' کے عنوان سے یونیورسٹی نصاب کے دو سیشنز کروائے گئے۔ یہ نصاب سرجری اور منسلک شعبہ جات کے پوسٹ گریجویشن کے طلبا کے لیے تیار کیا گیا ہے اور 30 CME hours کے لیے تسلیم شدہ ہے۔
* دو ایمرجنسی روم ٹراما کورسز کا بھی انعقاد کیا گیا جن کو ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کراچی اور خیبر ٹیچنگ یونیورسٹی پشاور نے 15 CME hours کے لیے تسلیم کیا۔
* آئی سی آر سی کے شراکت دار اداروں میں صحافی، سکیورٹی فورسز طلباء اور دیگر افراد پر مشتمل 1,466 افراد کو بنیادی اور اعلی درجے کی ابتدائی طبی ءامداد کی ٹریننگ دی گئی۔
* لیڈی ریڈنگ ہسپتال، پشاور کے لیے ساختی اور انتظامی مدد جاری رکھی گئی۔
* آئی سی آر سی نے اکتوبر 2016 میں جمرود ہسپتال کی مدد شروع کی۔ شعبہ حادثات میں مرمت کا کام مکمل ہو چکا ہے اور طبی سامان کی تنصیب جاری ہے۔

Rabia Tabassum/ICRC

Aezaz-Ur-Rehman/ICRC

Sayed Arif Hussain Shah/ICRC

LAUDABLE ASSOCIATION WITH LADY READING HOSPITAL

Lady Reading Hospital (LRH) in Peshawar is the largest hospital of Khyber Pakhtunkhwa. It has also the largest Accident and Emergency department in the province and thousands of patients visit every day for treatment. The hospital has been designated as the main referral hospital for more than 25 district hospitals of KP and all FATA hospitals for emergency healthcare.

The ICRC is supporting the LRH to promote patient-centred care delivery by a well-functioning Accident and Emergency department and strengthening the capacities across the clinical care by medical teams. The objective of this collaboration is to ensure that wounded and sick patients referred to the hospital from various district hospitals of KP and FATA benefit from quality hospital care with functional infrastructure, proper resources and skilled staff providing treatment in line with international standards.

Felicity Machoka, the ICRC LRH Project manager said "The collaboration between ICRC and LRH has been a significant step to development of evidence-based skills and knowledge in the Accident and Emergency department through trainings like Emergency Room Trauma Course, Management of Weapon Wounded course and First Aid."

لیڈی ریڈنگ ہسپتال کے ساتھ قابلِ ستائش اشتراک

لیڈی ریڈنگ ہسپتال خیبر پختونخوا کا سب سے بڑا ہسپتال ہے۔ ہسپتال کا شعبہ حادثات بھی پورے صوبے میں سب سے بڑا ہے اور یہاں ہر روز ہزاروں کی تعداد میں مریض علاج کے لیے آتے ہیں۔ یہ ہسپتال صوبے اور فاٹا کے 25 سے زائد ضلعی ہسپتالوں اور ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کے لیے بطور ریفیرل ہسپتال نامزد کیا گیا ہے۔

آئی سی آر سی لیڈی ریڈنگ ہسپتال کی معاونت کر رہی ہے تا کہ اس کے شعبہ حادثات میں مریضوں تک بہترین سہولیات کی ترسیل کے تصور کو فروغ دیا جا سکے۔ اسکے علاوہ میڈیکل ٹیمز کی صلاحیت کو مضبوط کرنے پر بھی کام کیا جا رہا ہے تا کہ طبّی نگہداشت کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ اس تعاون کا مقصد صوبے اور فاٹا کے مختلف علاقوں سے آنے والے بیماروں اور زخمیوں کو بین الاقوامی معیار کے مطابق طبّی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ اس منصوبے کے پراجیکٹ منیجر، فلیسٹی مچوکا نے کہا کہ، ''آئی سی آر سی اور لیڈی ریڈنگ اسپتال کے درمیان تعاون ایمرجنسی روم ٹراما، ہتھیاروں سے زخمی ہونے والے افراد کے علاج اور ابتدائی طبّی امداد جیسی تربیتوں میں شواہد کی بنیاد پر شعبہ حادثات میں علم اور مہارتوں کے فروغ کی طرف ایک اہم قدم ہے۔''

Dr. Arshad Javed, Dean of the hospital, stated that this partnership has been proving very useful. "Who can say quantitatively how many lives were saved as a result of the ICRC training but I can certainly see its benefits in the form of efficiency and improvement of skills in our medical staff and foreseeing its benefits in the longer run".

Mukhtiar Zaman, Medical Director of the hospital said that the ICRC support in infection control, medical equipment maintenance, and hygiene and inventory management improved the quality of care for patients. The ICRC is also working closely with the nursing department of the hospital. Director Nursing LRH, Shaheen Ghani, said that the ICRC support to nursing is vital. "ICRC has helped us establish training lab and organizing basic life support training twice every week with particular focus on strengthening their leadership and management skills. Soon we will be collaborating with the ICRC to train nurses on infection control, intravenous therapy and other essential nursing skills."

ہسپتال کے ڈین ڈاکٹر ارشد جاوید نے بتایا کہ یہ شراکت بہت ہی مفید ثابت ہوئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ، "یہ بتانا تو مشکل ہے کہ اب تک آئی سی آرسی کی ٹریننگز کی وجہ سے کتنی زندگیاں بچ چکی ہوں گی لیکن مجھے ہمارے سٹاف کی صلاحیت اور کارکردگی میں نمایاں بہتری نظر آرہی ہے اور مجھے آگے آنے والے دنوں میں بھی مزید بہتری دکھائی دیتی ہے۔"

لیڈی ریڈنگ ہسپتال کے میڈیکل ڈائریکٹر، مختار زمان کا کہنا تھا کہ آئی سی آرسی کی فراہم کردہ مدد کی وجہ سے موذی امراض کی روک تھام، حفظانِ صحت، انوینٹری مینجمنٹ اور میڈیکل سامان کی دیکھ بھال جیسے معاملات بہتر ہوئے جس کی وجہ سے مریضوں تک خدمات کی فراہمی میں مجموعی طور پر بہتری آئی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ آئی سی آرسی ہسپتال کے نرسنگ کے شعبہ کے ساتھ بھی کام کر رہا ہے۔

ہسپتال کی ڈائریکٹر نرسنگ، شاہین غنی، نے بتایا کہ نرسنگ کے شعبہ کے لیے آئی سی آرسی کی امداد انتہائی اہم ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ "آئی سی آرسی نے ٹریننگ لیب کے قیام اور سٹاف میں قیادت کی صلاحیت اور انتظامی امور میں بہتری لانے کے لیے بیسیک لائف سپورٹ ٹریننگ کے انتظام میں ہماری مدد کی جس کا انعقاد ہفتے میں دو مرتبہ ہوتا ہے۔ بہت جلد ہم موذی امراض کی روک تھام، انٹراوینس تھراپی اور نرسنگ کی دیگر ضروری ٹریننگز میں بھی آئی سی آرسی سے معاونت لیں گے۔"

Sayed Arif Hussain Shah/ICRC

SEVEN STRANDED PAKISTANIS REPATRIATED FROM YEMEN

On 11 February 2017, seven Pakistanis were repatriated from Yemen and reunited with their families in Pakistan. The ICRC facilitated their return on the request of the Ministry of Foreign Affairs, Government of Pakistan. *"We just cannot find words to express our joy and emotions on this occasion. I feared for his life as we were hearing worrying news coming from Yemen"*, said Asghar Ali, the brother of one of the repatriated Pakistanis. Similar joyous remarks were uttered by Miran Baloch, after reuniting with his uncle. *"I thank God that my uncle is finally back after so many years. This is a time for happiness and not to remember the agony of all those years. I will not let him go away again"*.

The seven Pakistani fishermen, who had crossed international waters, were released from Sana'a Central Prison, where the ICRC first visited them in April 2016 as part of its routine detention visits in Yemen. *"The ICRC shares this moment of joy with the families who met their loved ones after more than 10 years. We also thank the authorities in Sana'a and the Government of Pakistan for their support in making this reunion possible"*, said Reto Stocker, head of ICRC delegation in Pakistan, while receiving the repatriated Pakistanis at the Islamabad airport.

The ICRC strives to connect people to their loved ones who have lost their contacts during disasters, migration or violence and where possible help them reunite with their families.

یمن میں محصور سات پاکستانیوں کی وطن واپسی

11 فروری 2017 کو یمن میں محصور سات پاکستانیوں کو وطن واپسی لا کر ان کے خاندانوں کے ساتھ ملوایا گیا۔ آئی سی آرسی نے حکومت پاکستان کی وزارت خارجہ امور کی درخواست پر ان پاکستانیوں کی واپسی کے لیے سہولت کار کا کردار ادا کیا۔ واپس آنے والوں میں سے ایک کے بھائی، اصغر علی نے کہا کہ "ہمیں اپنی خوشی اور جذبات کے اظہار کے لئے الفاظ نہیں مل رہے۔ یمن سے موصول ہونے والی خبروں کی وجہ سے ہم اس کی زندگی کے لیے بہت پریشان تھے۔" میران بلوچ نے بھی اپنے چچا سے ملاقات کے بعد ایسے ہی خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ "اتنے سالوں بعد اپنے چچا کی واپسی پر میں اللہ پاک کا بہت شکر گزار ہوں۔ یہ دکھ کو بھلا دینے کا اور خوشی کا وقت ہے۔ اب میں انہیں دوبارہ جانے نہیں دوں گا۔"

بین الاقوامی پانیوں کی مقررہ حدود کو پار کرنے والے ان سات پاکستانی ماہی گیروں کو صنعا کی مرکزی جیل سے رہا کیا گیا۔ یمن میں موجود جیلوں کے معمول کے دورے کے دوران آئی سی آرسی کے عملے کی ان افراد سے اپریل 2016 میں پہلی بار ملاقات ہوئی۔ آئی سی آرسی، پاکستان کے سربراہ، ریٹو سٹاکر نے واطن واپس آنے والے ماہی گیروں کا اسلام آباد ائرپورٹ پر استقبال کرتے ہوئے کہا کہ "خوشی کے اس موقعہ میں آئی سی آرسی ان خاندانوں کے ساتھ شریک ہے جنہیں 10 سال بعد اپنے پیاروں سے ملنا نصیب ہوا ہے۔ ہم صنعا جیل کے عہدیداران اور حکومت پاکستان کے بھی شکر گزار ہیں جن کی وجہ سے یہ کامیابی ممکن ہوئی۔"

آئی سی آرسی قدرتی آفات، ہجرت یا انتشار کے نتیجے میں بچھڑنے والے افراد کو واپس اپنے پیاروں سے ملانے کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

Amsal Naeem-MT/ICRC

MANAGING MORTAL REMAINS IN EMERGENCIES

ہنگامی حالات میں انسانی باقیات کا بندوبست

Pakistan hosted the first ever International Course on the Management of the Dead in Emergencies, organized by the ICRC from August 1st to 5th 2016. Twenty-four participants were in attendance from Afghanistan, Ecuador, Hong Kong, Indonesia, Iran, Lebanon, Nepal, Pakistan, Philippines, South Africa, Sri Lanka, Tunisia and Vietnam. The course brought together first responders and forensic specialists from these13 countries in a multidisciplinary training environment. The experts from around the world participated enthusiastically in table-top and field exercises designed to simulate actual emergency scenarios. Interactive discussions, group work and country presentations also encouraged participants to interactively share their expertise and experiences. Particularly, it was a great opportunity for participants from Pakistan to share with their international counterparts, the experiences and best practice which the country has adopted while coping with recurrent natural and man-made disasters.

The course was professionally evaluated by Dr. Philip Beh, who is a South Asian forensic expert from the University of Hong Kong. Commenting on the course, he said, "The practical sessions and real-life simulation were of the highest possible standard and offered a very rich medium for allowing participants to assimilate and reflect on their understanding of the messages from the lectures. It also instilled upon participants the importance of team work, inter-disciplinary communication and cooperation in such situations." The event was widely covered by the media.

Hosting of an International Course is the first step in establishing a resource centre in the Management of the Dead in Pakistan. A 2nd International Course will take place from May 15 to 19, 2017 in Islamabad.

